## سوال

(52) رمضان شیرف میں سحری کھانے کے لیے اذان دے سکتے ہیں یا نہیں۔

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

رمضان شیرف میں سحری کھانے کے لیے اذان دے سکتے ہیں یا نہیں۔ اگر دیں تو سنت کے خلاف ہو گا یا نہیں؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اذان دے سکتے ہیں۔ حدیث شریف میں آیا ہے، حضرت بلال رضی اللہ عنہ، صبح صادق سے پہلے اذان اس لیے دیتے ہیں کہ تم نماز تہجد کے لیے اٹھ سکو۔ (دین محمد ساکن جمہور نمبر ۱) (اہل حدیث شوال ۱۲۶۵ھ)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 06 ص 119